© rasailojaraid.com

غزل

از جناب نہال سیوہاروی

وسعت کدۂ کون و مکاں جھوم رہا ہے
میں جھوم رہا ہوں تو جہاں جھوم رہا ہے

سرکارِ مغاں سے ہی بٹی وہ مئے سرجوش
ہر بندۂ سرکارِ مغاں جھوم رہا ہے

یہ مست گھٹائیں یہ ہوائیں یہ فضائیں
اک رند نہیں شیخِ زماں جھوم رہا ہے

وہ زہد کہ تھا سدِ سکندر سے بھی محکم
پیہم صفتِ موجِ رواں جھوم رہا ہے

وہ زہد کہ نسبت تھی جسے کوہِ گراں سے
ہو کر گروِ حسنِ بتاں جھوم رہا ہے

مستی کا تصرف ہے ہر اک پیر و جواں پر
دیکھا جسے وہ پیر و جواں جھوم رہا ہے

پُر کیف وہ منظر ہے جہانِ گزراں کا
خود آج جہانِ گزراں جھوم رہا ہے

اک نشہ کا عالم ہی عیاں شرق سے تا غرب
آفاق کراں تا بہ کراں جھوم رہا ہے

باہر ہیں حدِ فہم سے رندوں کے مقامات
کیا تجھ سے کہوں کون کہاں جھوم رہا ہے

میخانے میں اس رنگ سے ساقی ہے خراماں
گلشن میں کوئی سروِ رواں جھوم رہا ہے

یہ کس کی تجلی ہے حریم دل و جاں پر
بے طرح حریم دل و جاں جھوم رہا ہے

وہ نغمہ گرِ عصرِ رواں ہے مری ہستی
میں خود ہی نہیں عصرِ رواں جھوم رہا ہے

اللہ رے تاثیر بیانِ مئے و مستی
ہر ناقدِ اندازِ بیاں جھوم رہا ہے

کھل کر ترا افسانہ سنا دوں تو ہو کیا رنگ
عالم باشاراتِ نہاں جھوم رہا ہے

ہے کون سے عالم میں نہال آج نہ پوچھو
وہ سرخوشِ الطافِ مغاں جھوم رہا ہے

© rasailojaraid.com